
لسانی و مذہبی تنازعات

(اعداد و شمار)




تحقیق و تالیف

منصور احمد صدیقی

لسانی و مذہبی تنازعات (اعداد و شمار)

منصور احمد صدیقی



منصور احمد صدیقی 1953ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ نیشنل کنسٹرکشن لمیٹڈ اسلام آباد میں بحیثیت سینئر انجینئر تعینات ہیں۔ ان کی تصنیف "انساب صدیقی" علمی و ادبی حلقوں میں مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔

"مذہبی و لسانی تنازعات" انکی دوسری کاوش ہے دراصل اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا کے تقریباً" اسی ممالک میں لسانی تنازعات نے خانہ جنگی جیسی صورت حال پیدا کر رکھی ہے۔ اسی طرح مذاہب کی تقسیم اور مذاہب کے اندر مسالک کی تقسیم سے انسانی تعلقات متاثر ہوتے رہتے ہیں۔ اقتصادی اور سیاسی محرکات اپنی جگہ لیکن انسانی تعلقات کا یہ پہلو بھی معاشروں اور قوموں کی ترکیب و تقسیم کا باعث بنتا رہتا ہے۔

سماجی علوم، طلبہ، ماہرین کے لئے یہ تقسیم در تقسیم ایک خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ عامتہ الناس کی دلچسپی بھی اس موضوع میں کم نہیں کہ ہر شخص مختلف حوالوں سے اپنے تشخص کی پہچان چاہتا ہے۔ اور لسانی و مذہبی یک رنگی اور رنگا رنگی ہر شخص کے لئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

مصنف نے مستند حوالوں سے اقوام عالم کی لسانی اور مذہبی تقسیم کے اعداد و شمار نہایت دقت نظر سے یکجا کئے ہیں، عالم اسلام میں مذہبی و لسانی تقسیم اور مسلم اقلیتوں کے کوائف پر ان کی نظر گہری ہے اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اس حوالے سے پاکستان کے مختلف اضلاع کی قدیم و جدید آبادی کے اعداد و شمار بھی یکجا کئے ہیں۔ ہمارے ملک میں جہاں تحقیق اور ریکارڈ مزاج کا حصہ ہی نہیں یہ کام پتھر نچوڑ کر چشمہ نکالنے سے کم نہیں۔

ناشر